مدنی چینل کی بہاریں (حصہ اوّل)

کرسچین کا قبولِ اسلام

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

کرسچین کا قبولِ اسلام

شیطٰن لاکھ سُستی دلائے یہ انوکھا رسالہ (32 صفحات) اوّل تا آخِر مکمل پڑھ لیجئے، ان شاء اللہ عَزَّوَجَلَّ آپ اپنے دل میں مَدَنی انقلاب برپا ہوتا محسوس فرمائیں گے۔

دُرُود شریف کی فضیلت

امامُ الصّابِرین، سیّدُ الشّاکِرین، سلطانُ **الْمُتَوَکِّلِین** صلی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا فرمانِ دلنشین ہے: جبرئیل (علیہ السلام) نے مجھ سے عرض کی کہ رب تعالٰی فرماتا ہے: اے **محمّد!** (علیہ الصلوۃ والسلام) کیا تم اِس بات پر راضی نہیں کہ تمہارا **اُمّتی** تم پر **ایک** بار دُرُود بھیجے، میں اُس پر **دس** رَحمتیں نازل کروں اور آپ کی **اُمّت** میں سے جو کوئی **ایک** سلام بھیجے، میں اُس پر **دس** سلام بھیجوں۔

(مِشکاۃُ الْمَصابِیح، ج ۱ ص ۱۸۹، حدیث ۹۲۸، دارالکتب العلمیة بیروت)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

مَدَنی چینل

مَحَلّے میں اگر مجوسی (آگ پوجنے والا) ہوٹل کھول لے تو ہر فرد کو یہ سمجھانا بہت دشوار ہوگا کہ اِس کافِر سے گوشت یا گوشت والی کوئی سی بھی غذا لیکر مت کھاؤ کہ گناہ وحرام ہے۔ اَنسب طریقہ یہ ہے کہ اس مَحَلّے کے اندر مسلمان کا ہوٹل کھول لیا جائے اگر ایسا کرلیا تو اب سمجھانا آسان ہو جائے گا کہ وہاں کے بجائے یہاں سے کھاؤ۔ اِسی طرح T.V. کا مُعامَلہ ہے آج شاید ہی کوئی گھر T.V. سے خالی ہو اور ہر باشُعُور مسلمان یہ جانتا ہے کہ ہمارے معاشرے کی تباہی میں T.V. کا بہت اہم کردار ہے! مُبلِّغینِ دعوتِ اسلامی نے T.V. کی تباہ کاریوں کے خلاف اچھی خاصی مُہم چلائی لیکن کماحَقُّہٗ کامیابی نہ پائی۔ چونکہ ہزار میں سے تقریباً نوسو ننانوے (999) افراد T.V. کے رسیا ہو چکے ہیں اور غالب اکثریت دنیا و آخرت کی بھلائی بُرائی کی پرواہ کئے بغیر T.V. دیکھنے میں مشغول ہے۔ T.V. بینی میں ان کی دیوانگی کی حد تک دلچسپی کی وجہ سے شیطان ان کے کردار کے ساتھ ساتھ اسلامی اقدار پر بھی یلغار کررہا ہے۔ ابلیس کی تحریک پر اسلام ہی کا لُبادہ اوڑھ کر بعض لوگ اسلام کو ماڈرن انداز میں پیش کرنے کی مذموم سعی کر رہے ہیں، اسلام کی حقیقی روح مسلمانوں کے دلوں سے نکالی جارہی ہے۔ اب اگر ہم مساجد وغیرہ میں T.V. کی

تباہ کاریاں بیان کرتے بھی ہیں تو اوّل تو بمشکل 5 فیصد مسلمان نماز پڑھتے ہوں گے ان میں بھی اِکّا دُکّا ہی مذہبی بیان سننے میں دلچسپی لیتا ہے، نیز اسلامی بہنوں کو کون بیان سنائے؟ اگر لٹریچر چھاپتے ہیں تو دینی مطالعہ کرنے والوں کی تعداد مایوس کُن حد تک کم ہے! ان نامُساعِد حالات میں اس بات کا شدت سے احساس ہوا کہ مسلمانوں کی اصلاح کا دائرہ کار اگر صِرف مساجِد اور اجتماعات وغیرہ کی حد تک رکھتے ہیں تو اُمّت کی غالِب اکثریّت تک ہمارا دردبھرا پیغام پہنچ ہی نہیں پاتا اور طاغوتی طاقتیں یکطرفہ طور پر اپنے مختلف چینلز کے ذریعے مسلمانوں کو گمراہ کرتی رہی ہی رہیں گی۔ اغلب گمان یہی ہے کہ مسلمانوں کے گھروں سے T.V. نکلوانا ممکن نہیں بس ایک ہی صورت نظر آئی اور وہ یہ کہ جس طرح دریا میں طُغیانی آتی ہے تو اُس کا رُخ کھیتوں وغیرہ کی طرف موڑ دیا جاتا ہے تا کہ کھیت بھی سیراب ہوں اور آبادیوں کو بھی ہلاکت سے بچایا جا سکے عین اِسی طرح T.V. ہی کے ذَرِیعے مسلمانوں کے گھروں میں داخِل ہوا جائے اور ان کو غفلت کی نیند سے بیدار کیا جائے اور گناہوں اور گمراہیوں کے سیلاب سے انہیں خبردار کیا جائے چُنانچہ جب معلوم ہوا کہ اپنا T.V. چینل کھول کر فلموں ڈِراموں، گانوں، باجوں، موسیقیوں کی دُھنوں اور عورتوں کی نمائشوں سے بچتے ہوئے 100 فیصدی اسلامی مَواد فراہم کرنا

ممکن ہے تو اَلحمدُ للہ عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اسلامی کی مرکزی مجلسِ شوریٰ نے خوب جِدّ وجَہد کر کے رَمضانُ المبارَک ۱۴۲۹ھ (2008) سے مدنی چینل کے ذَرِیعے گھر گھر سنّتوں کا پیغام عام پیش کرنا شروع کر دیا اور دیکھتے ہی دیکھتے اس کے حیرت انگیز مدنی نتائج آنے لگے۔ یقیناً اس کی یہ بَرَکت تو بچّہ بھی سمجھ سکتا ہے کہ جب تک مَدَنی چینل گھر یا دفتر وغیرہ کے T.V. میں آن رہے گا کم از کم اُس وقت تو مسلمان دوسرے گناہوں بھرے چینلز سے بچے رہیں گے۔ الحمد للہ عَزَّوَجَلَّ ہماری توقع سے زیادہ مدنی چینل کو کامیابی حاصل ہو کر رہی ہے۔ آج کل ابتدائی آزمائشی سلسلوں (پروگراموں) کی ترکیب ہے اور دنیا کے مختلف مقامات سے روزانہ ہزاروں مبارکبادیوں اور حوصلہ افزائیوں کے پیغامات موصول ہو رہے ہیں۔ ان پیغامات میں اس طرح کی باتیں بھی ہوتی ہیں کہ ہم نے مدنی چینل دیکھ کر گناہوں سے توبہ کر لی ہے ہم نمازی اور سنّتوں کے عادی بنتے جا رہے ہیں، بلکہ اَلحمدُ للہ عَزَّوَجَل کفّار کی اسلام آوری کی بھی بہاریں موصول ہو رہی ہیں۔ نمونۃً مدنی چینل کی 17 بہاریں ملاحظہ فرمائیے۔

{1} کرسچین کا قبولِ اسلام

مرکز الاولیاء (لاہور) کے ایک اسلامی بھائی کا بیان کچھ یوں ہے کہ

ہمارے علاقے میں ایک ورکشاپ تھی، اُس میں ایک .T.V بھی رکھا ہوا تھا جس پر کاریگر مختلف چینلز دیکھا کرتے تھے۔ رمضان المبارک ۱۴۲۹ھ (2008) میں جب دعوتِ اسلامی کا **مَدَنی چینل** شروع ہوا تو انہیں کچھ ایسا بھایا کہ دیگر تمام چینلز کے بجائے اب وہ مَدَنی چینل دیکھنے لگے۔ ان کاریگروں میں ایک کرسچین نوجوان بھی شامل تھا وہ بھی ''مَدَنی چینل'' کے پُرسوز سلسلوں (پروگرامز) میں دلچسپی لینے لگا۔ اَلحمدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ صرف تین دن کے بعد وہ کہنے لگا کہ میں امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کی سادگی سے بہت مُتأثِّر ہوا ہوں اور کلمہ پڑھ کر مسلمان ہو گیا۔

کفر کے ایواں میں مولیٰ ڈالدے یہ زلزلہ
یاالٰہی! تا ابد جاری رہے یہ سلسلہ

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

〔2〕حیرت انگیز معاملہ

بابُ المدینہ (کراچی) کے ایک اسلامی بھائی کا بیان کچھ یوں ہے کہ میرے والد صاحب دعوتِ اسلامی کے بارے میں معلومات نہ ہونے کی وجہ سے مجھے دعوتِ اسلامی کا مَدَنی کام کرنے سے روکا کرتے تھے۔ میں نے رَمَضان

المبارک ۱۴۲۹؁ھ (2008ء) میں **دعوتِ اسلامی** کے عالَمی مَدَنی مرکز **فیضانِ مدینہ** باب المدینہ کراچی میں ہونے والے 10 دن کے اجتماعی اعتکاف میں شریک ہونے کا ارادہ کیا اور امی جان سے اجازت لینے کے بعد تیاری شروع کردی۔ میں فیضانِ مدینہ جانے کے لئے گھر سے نکلنے ہی والا تھا کہ اچانک والد صاحب گھر میں داخل ہوئے اور میری امی سے کہنے لگے: ''میرے کپڑے تیار کردو، مجھے کہیں جانا ہے۔'' میں سخت پریشان تھا کہ اب گھر سے کیسے نکلوں! کہیں یہ مجھے روک نہ دیں۔ ڈرتے ڈرتے ابوجان سے پوچھا کہ ''آپ کہاں تشریف لے جارہے ہیں؟'' انہوں نے بتایا کہ میں نے **دعوتِ اسلامی** کا ''مَدَنی چینل'' دیکھا ہے جس سے میں بہت متأثر ہوا ہوں۔ اسی **مَدَنی چینل** پر امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ نے دس روزہ سنّت اعتکاف کرنے کی ترغیب دلائی ہے، لہٰذا میں دعوتِ اسلامی کے تحت ہونے والے 10 روزہ **اجتماعی اعتکاف** میں بیٹھنے جارہا ہوں۔'' پھر مجھ سے پوچھا: ''تم کہاں جارہے ہو؟'' میں جو اُن کی گفتگو سن کر خوشی کے مارے پھولے نہیں سمارہا تھا، عرض کی: ''میرا بھی اجتماعی اعتکاف میں بیٹھنے کا ارادہ ہے۔'' یہ سن کر والد صاحب بڑے خوش ہوئے اور میری حوصلہ افزائی کی اور الحمدللہ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** کی برکتوں کو سمیٹتے ہوئے ہم دونوں باپ بیٹے چل پڑے اور

فیضانِ مدینہ میں اجتماعی اعتکاف میں بیٹھ گئے۔

مَدَنی چینل کے سبب نیکی کی دعوت عام ہو
عام دنیا بھر میں یاربّ دین کا پیغام ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

﴿3﴾غیبت سے پرہیز

حیدر آباد (پاکستان) کے ایک اسلامی بھائی کا بیان کچھ یوں ہے کہ ہمارے گھر والوں نے **مَدَنی چینل** پر ''غیبت کی تباہ کاریوں'' کے موضوع پر امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کا بیان سنا۔ جس میں آپ دامت برکاتہم العالیہ نے بڑی باریک بینی سے معاشرے میں بولے جانے والے غیبت کے الفاظ بیان فرمائے ہیں۔ الحمدللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اس بیان کو سُن کر بالخصوص **غیبت** سے بچنے کا ذِہن بنا۔ ایک مرتبہ میں نے کہا کہ ''چھوٹا بھائی فُلاں چیز لے کر ابھی تک واپس نہیں آیا، بہت **سُست** ہے۔'' تو میری والدہ نے فوراً توجُّہ دلائی کہ یہ تو تم نے اس کی غیبت کر ڈالی کیونکہ تم نے اُس کو ''**سُست**'' کہہ کر اس کی برائی کی! چُنانچہ میں نے فوراً توبہ کی۔ اب گھر میں یہ حالت ہے کہ بات بات پر ایک دوسرے کی توجُّہ دلاتے ہیں کہ کہیں یہ **غیبت** تو

نہیں۔

گناہوں سے مجھ کو بچا یا الٰہی
مجھے نیک بندہ بنایا الٰہی

صَلُّو ا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

(4)پانی سے افطاری

حیدرآباد(پاکستان) کے ایک اسلامی بھائی کے بیان کا لُبِّ لُباب ہے کہ ایک اسلامی بھائی جو عُموماً کباب، سموسوں، پکوڑوں وغیرہ کے ذریعے بھرپور افطاری کے بعد مسجد میں عین جماعت قائم ہونے کے وقت پہنچا کرتے تھے۔ رمضان المبارک ۱۴۲۹ھ (2008ء) میں ایک دن دیکھا تو وہ اذان کے فوراً بعد مسجد میں پہنچ چکے تھے۔ جب اُن سے گفتگو ہوئی تو انہوں نے بتایا کہ میں نے **مَدَنی چینل** پر **امیرِ اہلسنّت** دامت برکاتہم العالیہ کا مَدَنی مذاکرہ دیکھا جس میں آپ نے بتایا کہ بے شک کھجور سے روزہ افطار کرنا سنّت ہے، دیگر چیزیں بھی کھائی جاسکتی ہیں مگر نماز سے پہلے اچھی طرح منہ صاف کرلینا چاہئیے، جماعت بھی نہیں جانی چاہئے تو جو لوگ منہ صاف نہیں کر پاتے بے شک وہ پانی سے افطار کرلیں کہ پانی سے افطار کرنا بھی سنّت ہے اور اِس طرح نمازِ جماعت کی بآسانی سعادت مل سکتی

ہے۔ آپ دامت برکاتہم العالیہ کی یہ بات مجھے بہت پسند آئی چنانچہ آج سے میں بھی صرف پانی سے روزہ افطار کرکے فوراً مسجد چلا آیا۔ ان شاء اللہ عزوجل آئندہ بھی اِسی طرح کیا کروں گا۔

مَدَنی چینل سے جسے بھی والہانہ پیار ہے

اِن شاءَ اللہ دو جہاں میں اُس کا بیڑا پار ہے

نماز میں منہ صاف رکھنے کی تاکید: میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو! نَماز کے دوران منہ میں کھجور کی مٹھاس دانتوں میں دیگر غذاؤں کے ریشے نہیں ہونے چاہئیں چُنانچہ فیضانِ سنّت جلداول 1027 تا 1028 پر ہے: **بہتر** یہ ہے کہ ایک آدھ کھجور سے اِفطار کر کے فوراً اچّھی طرح مُنہ صاف کر لے اور نَمازِ باجماعت میں شریک ہوجائے۔ آج کل مسجِد میں لوگ پھل پکوڑے وغیرہ کھانے کے بعد مُنہ کو اچّھی طرح صاف نہیں کرتے فوراً جماعت میں شریک ہوجاتے ہیں حالانکہ غِذا کا معمولی ذرّہ یا ذائِقہ بھی مُنہ میں نہیں ہونا چاہئے کہ ایک **فرمانِ مصطَفٰے** صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم یہ بھی ہے: **کِراماً کاتِبِین** (یعنی اعمال لکھنے والے دونوں بُزُرگ فِرِشتوں) پر اس سے زیادہ کوئی بات شدید نہیں کہ وہ جس شخص پر مقرَّر ہیں اُسے اِس حال میں نَماز پڑھتا دیکھیں کہ اسکے دانتوں کے درمِیان کوئی چیز ہو۔'' (طَبَرانی کبیر ج ٤ ص ١٧٧

حدیث ٤٠٦١) میرے آقا اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں: مُتَعَدَّد احادیث میں ارشاد ہوا ہے کہ جب بندہ نَماز کو کھڑا ہوتا ہے فِرِشتہ اس کے منہ پر اپنا منہ رکھتا ہے یہ جو پڑھتا ہے اِس کے منہ سے نکل کر فِرِشتے کے منہ میں جاتا ہے اُس وَقت اگر کھانے کی کوئی شے اُس کے دانتوں میں ہوتی ہے ملائکہ کو اُس سے ایسی سخت اِیذا ہوتی ہے کہ اور شے سے نہیں ہوتی۔

حُضُورِ اکرم، نُورِ مُجَسَّم، شاہِ بنی آدم، رسولِ مُحتَشَم صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم نے فرمایا، جب تم میں سے کوئی رات کو نَماز کیلئے کھڑا ہو تو چاہئے، کہ مِسواک کرلے کیونکہ جب وہ اپنی نَماز میں قراءت (قِرَا۔ءَت) کرتا ہے تو فِرِشتہ اپنا منہ اِس کے منہ پر رکھ لیتا ہے اور جو چیز اِس کے منہ سے نکلتی ہے وہ فرشتہ کے منہ میں داخِل ہوجاتی ہے۔ (کنزُ العُمّال ج ٩ ص ٣١٩) اور طَبرانی نے کَبِیر میں حضرتِ سیِّدُنا ابوایُّوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ دونوں فِرِشتوں پر اس سے زِیادہ کوئی چیز گِراں نہیں کہ وُہ اپنے ساتھی کو نَماز پڑھتا دیکھیں اور اس کے دانتوں میں کھانے کے رَیزے پھنسے ہوں۔ (فتاویٰ رضویہ ج اوّل ص ٦٢٤ تا ٦٢٥) مسجد میں افطار کرنے والوں کو اکثر مُنہ کی صفائی دشوار ہوتی ہے کہ اچّھی طرح

صفائی کرنے بیٹھیں تو جماعت نکل جانے کا اندیشہ ہوتا ہے لہٰذا مشورہ ہے کہ صرف ایک آدھ کھجور کھا کر پانی پی لیں۔ پانی کو مُنہ کے اندر خوب جُنبِش دیں یعنی ہلائیں تاکہ کھجور کی مٹھاس اور اس کے اجزا چھوٹ کر پانی کے ساتھ پیٹ میں چلے جائیں ضَرورتاً دانتوں میں خِلال بھی کریں۔ اگر مُنہ صاف کرنے کا موقع نہ ملتا ہو تو آسانی اسی میں ہے کہ صِرف پانی سے افطار کر لیجئے۔ مجھے اُن روزہ داروں پر بڑا پیار آتا ہے جو طرح طرح کی نعمتوں کے تھالوں سے بے نیاز ہو کر غروبِ آفتاب سے پہلے پہلے مسجِد کی پہلی صف میں کھجور، پانی لیکر بیٹھ جاتے ہیں۔ اِس طرح افطار سے جلدی فراغت بھی ملے، منہ کو صاف کرنا بھی آسان رہے اور پہلی صف میں تکبیرِ اولیٰ کے ساتھ باجماعت نَماز بھی نصیب ہو۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

(5) مَدَنی کاموں میں چُست ہوگئے

سردار آباد (فیصل آباد) کے ایک اسلامی بھائی کے بیان کا خُلاصہ ہے کہ میرے بھائی مَدَنی کام کے حوالے سے سُست ہوگئے تھے۔ جب رمضان المبارک ۱۴۲۹ھ (2008ء) میں مَدَنی چینل کا آغاز ہوا تو الحمدللّٰہ

عَزَّوَجَلَّ اس کی برکت سے وہ پھر سے مَدَنی کاموں میں چست ہو گئے۔

مَدَنی چینل کے سبب نیکی کی دعوت عام ہو
عام دنیا بھر میں یاربّ دین کا پیغام ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

(6) نیند نہ آنے کا مرض جاتا رہا

فاروق نگر (لاڑکانہ) کے ایک اسلامی بھائی کا بیان ہے کہ میری ایک ڈاکٹر سے ملاقات ہوئی تو اس نے کچھ یوں بتایا کہ ایک مریض کو بے خوابی کا مرض تھا، نیند کی گولی لئے بغیر اسے نیند نہ آتی تھی۔ جب سے اس نے دعوتِ اسلامی کا **مَدَنی چینل** دیکھنا شروع کیا ہے، اِسے ذِہنی سکون مل گیا ہے اور اس کا کہنا ہے کہ **الحمد للّٰہ** اب مجھے نیند کی گولی کی حاجت نہیں رہی۔ **مدنی چینل** کی برکت سے میری تکلیف دور ہو گئی اور میں بڑے آرام سے سو لیتا ہوں۔

مَدَنی چینل سے جسے بھی والہانہ پیار ہے
اِن شاءَ اللّٰہ دو جہاں میں اُس کا بیڑا پار ہے

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

〔7〕وُضو کا طریقہ سیکھ گئے

حیدر آباد (پاکستان) کے ایک اسلامی بھائی کے بیان کا خُلاصہ ہے کہ میں اپنے گھر والوں کو اکٹّھا کر کے وُضو کا عملی طریقہ سکھانا چاہتا تھا مگر کامیاب نہ ہوسکا۔ ایک دن میں کامیاب ہو ہی گیا وہ اس طرح کہ **مَدَنی چینل** پر امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ **وُضو کا عملی طریقہ** سکھا رہے تھے۔ میں نے ہاتھوں ہاتھ گھر والوں کو جمع کر کے یہ سلسلہ دکھادیا۔ یوں مَدَنی چینل کی بدولت میری دیرینہ خواہش پوری ہوگئی۔ خُود میری بھی اصلاح ہوگئی کہ میں دیگر چینلز پر خبریں دیکھا کرتا تھا جس میں عُموماً خواتین بھی خبریں پڑھتی ہیں، اور بے پردگی کے مختلف مناظِر بھی ہوتے تھے اَلْحَمْدُلِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** کی بَرَکت سے میں نے **توبہ** کی اور خبریں دیکھنا چھوڑ دیں۔

راہِ سنّت پر چلا کر سب کو جنّت کی طرف
لے چلے بس اِک یہی ہے مَدَنی چینل کا ہدَف

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

〔8〕مفتی صاحب کے تأثرات

پنجاب (پاکستان) کے ایک اسلامی بھائی کا بیان کچھ یوں ہے کہ دعوتِ اسلامی کے **مَدَنی چینل** پر جب امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ نے ''وضو کا عملی طریقہ

''سکھایا تو اس سلسلے کو دیکھ کر ایک مفتی صاحِب نے برملا مجھ سے فرمایا: ''وضو میں پہلے بھی کرتا تھا مگر کئی نِکات ایسے تھے کہ یہ سلسلہ دیکھنے کے بعد میری توجُّہ اس طرف ہوئی۔''

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

﴿9﴾ مُحتاط رہنے لگے

بابُ المدینہ (کراچی) کے ایک اسلامی بھائی کے بیان کا لُبِّ لُباب ہے کہ ہمارے علاقے کی مسجد کے متولی صاحِب دن اور رات کی پرواہ کیے بِغیر اسپیکر پر بُلند آواز سے تلاوت ونعت وغیرہ کا سلسلہ رکھا کرتے تھے۔انہیں کافی سمجھایا گیا مگر وہ نہ مانے۔ پھر جب انہوں نے **مَدَنی چینل** پر امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کی زَبانی اس بارے میں حقوقُ العباد کے حوالے سے بیان سُنا کہ اس طرح رات کو دیر سے اسپیکر کھول کر بلند آواز سے نعت شریف وغیرہ پڑھنے سے گھروں میں موجود عمر رسیدہ بُزُرگوں، صبح جلدی کام دھندے پر جانے والے لوگوں، مریضوں اور شیر خوار بچّوں کو سخت تکلیف کا سامنا ہوسکتا ہے۔جس کی وجہ سے ہم حق العبد تلف کرنے کے وبال میں مبتلا ہو سکتے ہیں۔''تو وہ مان گئے اور محتاط رہنے لگے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

(10) شراب خانہ بند کردیا

مرکزالاولیاء (لاہور) کے ایک اسلامی بھائی کا بیان کچھ یوں ہے کہ ہمارے یہاں ایک شخص نے بلیرڈ کلب کھول رکھا تھا جس کی آڑ میں شراب بیچنے اور فحش فلمیں دکھانے کا دھندا بھی کرتا تھا۔ جب رَمَضان المبارک ۱۴۲۹ھ (2008) میں میں اس نے T.V. پر دعوتِ اسلامی کے مَدَنی چینل کے رقت انگیز سلسلے (یعنی پروگرامز) دیکھے تو اتنا مُتأَثِّر ہوا کہ اَلحمدُ للّٰہ عَزَّوَجَلَّ اس نے شراب وغیرہ کے کاروبار سے توبہ کرلی اور دو دن کے اندر اندر بلیرڈ کلب ختم کردیا۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

(11) برقع پہن لیا

مرکزالاولیاء (لاہور) کے ایک اسلامی بھائی کے بیان کا لُبِّ لُباب ہے ہمارے علاقے میں ایک ماڈرن نوجوان کی چند ماہ قبل شادی ہوئی۔ خوش قسمتی سے انہیں دعوتِ اسلامی کے مَدَنی ماحول کی برکتیں ملنا شروع ہوئیں۔ ان کی بیوی فیشن ایبل اور بے پردگی کی نحوست میں بھی گرفتار تھیں۔ ان ماڈرن نوجوان پر چونکہ دعوتِ اسلامی کی برکت سے مدنی رنگ چڑھنا شروع ہو چکا تھا لٰہذا وہ چاہتے تھے کہ

ان کی زوجہ شرعی پردہ کیا کرے۔ مگر وہ نہ مانتی تھیں ۔ جب رمضان المبارک ۱۴۲۹؁ھ (2008) میں دعوتِ اسلامی کے مَدَنی چینل کا آغاز ہوا تو ان کی زوجہ نے بھی اسے دیکھنا شروع کیا اور اتنا مُتأَثِّر ہوئیں کہ خود ہی اپنے شوہر سے کہنے لگیں کہ مجھے بُرقع لا دیجئے ، اب میں بُرقع پہنا کروں گی ۔ اس اسلامی بہن پر رحمتوں کی برسات شروع ہوگئی، ان کا اپنا بیان ہے کہ ۷ شوال ۱۴۲۹؁ھ (7-10-2008) کی رات جب میں سوئی تو میں نے خواب میں دیکھا کہ کعبۃ اللہ شریف زادھا اللہ تعظیماً و تکریماً کا غلاف پکڑ کر رو رو کر اپنے اور گھر والوں کے لئے دُعا کر رہی ہوں۔

اے گناہوں کے مریضو! چاہتے ہو گر شِفا
آن کرتے ہی رہو تم مَدَنی چینل کو سدا

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صَلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

یاد رہے ! مدنی چینل آزمائشی نشریات (TEST TRANSMISSION) کے دَور سے گزر رہا ہے۔ دعا فرمائیے کی اِس خالص اسلامی چینل کو مستقل لائسنس حاصل ہو جائے اور یہ بغیر رکاوٹوں کے رضائے ربُّ الانام کے کام اور اسلام کے مدنی پیغام کو اخلاص کے ساتھ دنیا بھر میں عام کرتا رہے۔

[12] مجھے مدنی چینل سے پیار ہے

ایک اسلامی بہن کے بیان کا خلاصہ ہے: میں نے نیّت کی تھی کہ 1429ھ (2008) کے رجبُ المرجب، شعبانُ المعظم اور رَمَضانُ المبارَک میں بالکل .T.V نہیں دیکھوں گی اور رمضان شریف کے بعد بھی فلمیں دیکھنے سے بچتی رہوں گی البتّہ ڈِرامے دیکھ لیا کروں گی۔ **اَلْحَمْدُ لِلّٰہ** عَزَّوَجَلَّ ایسے میں دعوتِ اسلامی کے "**مدنی چینل**" کی جلوہ گری ہوگئی اب نیّت کرلی ہے کہ اِن شاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ ڈِرامے بھی نہیں دیکھوں گی فقط "**مدنی چینل**" ہی دیکھا کروں گی۔ مجھے مدنی چینل کے علاوہ اب کوئی چینل پسند ہی نہیں۔ مجھے مدنی چینل سے پیار ہے۔

مدنی چینل سے جسے بھی والہانہ پیار ہے
ان شاء اللہ دو جہاں میں اُس کا بیڑا پار ہے

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صَلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

[13] اب مجھے گناہوں بھرے چینلز دیکھنے میں شرم آتی ہے

ایک مبلِّغہ دعوتِ اسلامی کے بیان کا لُبِّ لُباب ہے: ایک اسلامی بہن، ان کے بچّے اور بچّوں کے ابو **معاذَاللّٰہ** عزوجل گناہوں بھرے .T.V چینلز دیکھنے

کے جُنون کی حد تک شوقین تھے، صبح اٹھتے ہی .T.V آن کر دیا جاتا اور موسیقی اور منحوس و بے حیا عورتوں کے ناچ وغیرہ کے مناظِر جاری ہو جاتے۔ بچّے بھی اسکول سے آتے ہی .T.V پر حیا سوز بھرے مناظِر دیکھنے میں مشغول ہو جایا کرتے۔ **اَلْحَمْدُ لِلّٰہ** عَزَّوَجَلَّ 1429ھ (2008) کا رَمَضانُ المبارَک جب بر کتیں لٹانے لگا تو ایک بَرَکت **''مَدَنی چینل''** کی صورت میں بھی ظاہر ہوگئی جس نے عاشقانِ رسول کے کلیجے ٹھنڈے کر دیئے۔ **اَلْحَمْدُ لِلّٰہ** عَزَّوَجَلَّ اُس اسلامی بہن کے گھر میں جہاں ہر وَقت گناہوں بھرے چینلز دیکھے جاتے تھے ان کے یہاں اب ہر وَقت **مَدَنی چینل** دیکھا جانے لگا ہے اگر کبھی کوئی گناہوں بھرا چینل چلا بھی دیتا ہے تو فوراً بند کر کے پھر **مَدَنی چینل** کی ترکیب بنا دی جاتی ہے۔ ان کے بچّوں کے ابو کا کہنا ہے: اب جب گناہوں بھرا چینل لگاتا ہوں تو مجھے شرم سی محسوس ہونے لگتی ہے کیوں کہ میں عطاری ہوں اور میرے میرے پیرو مرشد مدنی چینل میں جلوہ فرما ہیں اِس حال میں اب میں کوئی بے ہودہ چینل کیسے دیکھوں!

مدنی چینل کی مہم ہے نفس و شیطاں کے خلاف

جو بھی دیکھے گا کریگا ان شاء اللہ اِعتراف

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

(14) وہ کبھی عید کی نماز بھی نہیں پڑھتے تھے

ایک اسلامی بھائی کا بیان ہے: ہمارے ایک عزیز جن کے بارے میں کبھی نمازی بننے کا تصوُّر رہی نہیں کیا جا سکتا تھا کیوں کہ جمعہ تو جمعہ وہ تو کبھی عید کی نماز بھی نہیں پڑھتے تھے، خدا کی شان کہ ۱۴۲۹ھ (2008) کے رَمَضان المبارک میں رحمتوں کی برسات برسنی شروع ہوئی اور **اللہُ** رَبُّ الْعِزَّت کی رَحمت سے تاجدارِ رسالت صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم کی اُمّت کو ''**مَدَنی چینل**'' کی سوغات مل گئی۔ ہمارے عزیز نے مدنی چینل آن کیا تو انہیں بَہُت پسند آیا۔ اُنہوں نے جب امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کا بیان سنا تو ان کے دل کی دنیا زیروزبر ہو گئی، گناہوں سے توبہ کی اور حیرت انگیز طور پر پنج وقتہ نمازیں ادا کرنے کی نیّت کر لی۔ امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کی عقیدت اس قَدَر دل میں گھر کر گئی کہ بال بچّوں سمیت ان کے مُرید بن گئے۔ اور یوں ان کا سارا گھرانا ''عطاری'' ہو گیا۔

راہِ سنّت پر چلا کر سب کو جنّت کی طرف
لے چلے بس اک یہی ہے مدنی چینل کا ہَدَف

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صَلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

〔15〕مدنی چینل نے مجھے وضو کرنا سکھا دیا!

دعوتِ اسلامی کے ایک ذمّہ دار اسلامی بھائی کہتے ہیں کہ میرے ایک رشتے دار کے بیان کا خلاصہ ہے: آپ حضرات نے بہت اچھا کیا کہ **مَدَنی چینل** شروع کر کے گھر بیٹھے مسلمانوں کو اسلام کی باتیں سکھانا شروع کر دی ہیں، سچ کہتا ہوں آپ کے مَدَنی چینل پر جب میں نے ''**وُضو کا عملی طریقہ**'' دیکھا تو میرا سر ندامت سے جھک گیا کہ جدّی پُشتی مسلمان ہونے کے باوُجود ابھی تک مجھے صحیح وضو کرنا بھی نہیں آتا تھا میں کُھلے دل سے اعتراف کرتا ہوں کہ آپ لوگوں کے **مَدَنی چینل** نے مجھے وُضو کرنا سکھا دیا!

مَدَنی چینل تم کو گھر بیٹھے سکھائے گا نماز
اور نمازی دونوں عالم میں رہے گا سرفراز

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !　　صَلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

〔16〕مدنی چینل نے مَدَنی قافِلے کا مسافر بنا دیا!

حیدرآباد (بابُ الاسلام) کے ایک اسلامی بھائی کے بیان کا خلاصہ ہے: افسوس! دن غفلت میں گزر رہے تھے، فلموں ڈراموں کا بڑا شوق تھا، نمازوں کی کوئی

پابندی نہیں تھی۔خدا کی شان رَمضانُ المبارَک ۱۴۲۹ھ میں **دعوتِ اسلامی** نے مدنی چینل کا آغاز کردیا۔ **الله الله**! مدنی چینل میں آنے والے سنّتوں بھرے بیانات اور مدنی مذکرات نے مجھے ہلا کر رکھ دیا! خوفِ خدا کے سبب میں نے فلموں ڈراموں گانوں باجوں اور تمام پچھلے گناہوں سے توبہ کی، نمازوں کی پابندی کا عہد کیا، **مدنی چینل** پر چاند رات اور عید کے دن مدنی قافلوں میں سفر کی ترغیب سن کر اپنے علاقے کے ذیلی حلقے کی ''یادگار مسجد'' سے عیدُ الفِطر کو سفر کرنے والے **مدنی قافلے** میں عاشقانِ رسول کے تین روزہ قافلے میں سفر کی سعادت حاصل کی، **الحمدللّٰہ** عزوجل میں نے عمامہ شریف کا تاج سر پر سجالیا، **الحمدللّٰہ** عزوجل مسلمانوں کو فجر کی نماز کیلئے جگانے کی خاطر صدائے مدینہ لگارہا ہوں۔صحرائے مدینہ ملتان شریف میں ہونے والے بین الاقوامی سنّتوں بھرے تین روزہ اجتماع (۱۴۲۹ھ۔2008) میں شرکت کی نیّت کی ہے اور انفرادی کوشش کے ذریعے دوسرے اسلامی بھائیوں کو بھی نیّت کروارہا ہوں۔

مدنی چینل سنّتوں کی لائے گا گھر گھر بہار
فضل رب سے نیکیوں میں اور آئیگا نِکھار

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صَلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمّد

﴿17﴾ سنّت کے مطابق کھانا کھانے کی کوشش شروع کردی

حیدر آباد (پاکستان) کے ایک اسلامی بھائی کا بیان ہے کہ میرے بچوں کے نانا جان نے جب **مَدَنی چینل** پر ایک مَدَنی مذاکرے میں دیکھا کہ تین انگلیوں سے کھانا کھانا سنّت ہے اوراس پر مدد حاصل کرنے کے لئے چھوٹی انگلی کے برابر والی انگلی کو موڑ کر اس پر ربڑ بینڈ چڑھایا جاسکتا ہے تو انہوں نے بھی کھانا کھاتے وقت اس کا معمول بنالیا۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

جیلوں میں مَدَنی چینل کی بہاریں

دعوتِ اسلامی کی مجلس جیل خانہ جات کے ایک ذمہ دار کا بیان ہے کہ تادمِ بیان پاکستان کی تقریباً 9 جیلوں میں **مَدَنی چینل** دکھائے جانے کی ترکیب ہے ۔جس کی بَرَکت سے نَمازیوں کی تعداد میں اِضافہ ہونا شروع ہوگیا ہے اور اَلحمدُ للّٰہ عَزَّوَجَلَّ کثیر قیدیوں کے کردار وعمل میں مُثبت تبدیلیاں دکھائی دیتی ہیں۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

مَدَنی چینل کے بارے میں عُلَماءِ کرام کے تأثرات

دعوتِ اسلامی کے وسیع دائرہ کار کو بحُسن وخوبی چلانے کیلئے مختلف ملکوں اورشہروں میں مُتَعَدَّد مجالس بنائی گئی ہیں۔ مِنْجُملہ **مجلسِ رابِطہ بِالْعُلَماءِ و الْمَشائِخ** بھی ہے جوکہ اکثر عُلَمائے کرام پر مُشْتَمِل ہے۔اس کے مقاصد میں علماء ومشائخ اہلسنت سے روابط مضبوط کرنا بھی ہے۔ اس مجلس کے ذریعے ملک بھر سے مفتیانِ عِظام وعُلَمائے کرام کے مَدَنی چینل کے بارے میں تأثرات موصول ہوئے، جن میں سے چند اقتباسات حسبِ ذیل ہیں؛

(1) شیخ الحدیث حضرت مولانا پیر سید مراتب علی مُدَّظِلُّهُ الْعَالِی

(شیخ الحدیث والتفسیر جامعہ رضویہ قمر المدارس گوجرانوالہ)

مَدَنی چینل کا اِجراء بہت **بہتر** ہے۔اہلسنّت کے مسلک کی تبلیغ کے لیے اِمداد ملے گی۔ وقت کی اہم **ضرورت** ہے، **اللّٰہ** تعالیٰ مزید دینی خدمات کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

(2) شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد عبدالتواب صدیقی اچھروی مُدَّظِلُّهُ الْعَالِی

(شیخ الحدیث جامعہ نظامیہ رضویہ، مرکز الاولیاء لاہور)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** کا نیٹ ورک پہلے ہی بڑا وسیع تھا

مگر اللہ کے فضل و کرم سے اب **مَدَنی چینل** نے دعوتِ اسلامی، دعوتِ سنّت کو اور زیادہ **وسیع** کر دیا ہے۔ اِنْ شَاءَ اللّٰہُ الْعَزِیْز اب دعوت اسلامی کی دعوت سنت گھر گھر پہنچے گی اور سنت رسول (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم) پر عمل کرنے والوں کی تعداد میں کئی گنا اضافہ ہوگا اور اِن شاء اللہ عَزَّوَجَلَّ وہ دن دور نہیں کہ پورا ملک سرسبز نظر آئے گا اور پھر یہ **خصوصی برکات** پوری دنیا میں پھیل جائیں گی۔

(3) شارِحِ حدائقِ بخشش حضرت مولانا مفتی غلام حسن قادری مُدَّظِلُّہُ الْعَالِی

(مفتی دارالعلوم حزب الاحناف دربار روڈ مرکز الاولیاء لاہور)

دعوتِ اسلامی کے مخلص کارکنان کی زبانی **مَدَنی چینل** کے بارے میں جب مجھے آگاہی ہوئی تو دل باغ باغ ہو گیا اور اس چینل کی کامیابی کے لیے میرے قلبِ مضطر کی اتھاہ گہرائیوں سے دعائیں نکلنے لگیں کہ حضرت امیر اہلسنّت (دامت برکاتہم العالیہ) نے وقت کے تقاضوں کے عین مطابق ایک بہت مفید کام کا آغاز فرمایا ہے۔

(4) شارح سلام رضا حضرت مولانا مفتی محمد خان قادری مُدَّظِلُّہُ الْعَالِی

(جامعہ اسلامیہ مرکز الاولیاء لاہور)

مَدَنی چینل کا اضافہ ملک وعوام کے لیے ایک بہترین عطیہ ہے، عوام کو اس سے خوب اِستفادہ کرنا چاہیے کیونکہ اس میں اسلام کے بہت سارے

بنیادی معاملات مثلاً وضو، نماز اور دیگر عبادات کو خوب اجاگر کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔عریانی وفحاشی کے دور میں اس چینل کا قیام **اللہ** تعالیٰ کا خصوصی عطیہ ہے۔

(5) حضرت مولانا ڈاکٹر محمد سرفراز نعیمی ازہری مُدَّظِلُّهُ الْعَالِي

(مرکزی ناظم اعلیٰ تنظیم المدارس پاکستان و مہتمم جامعہ نعیمیہ مرکز الاولیاء لاہور)

مَدَنی چینل کے قیام پر انتہائی خوشی ہوئی، یہ ایک بہت بڑا میدان جو تبلیغی اعتبار سے خالی چلا آرہا تھا اُس کو پُر کرنے کی عملی کوشش کی گئی ہے میرے خیال میں اگر ہم صحیح پیغام کو پہنچانے کی کوشش کریں حالاتِ حاضرہ کے تقاضوں کی روشنی میں، تو ہم کہیں بہترین نتائج حاصل کر سکتے ہیں۔

(6) ادیبِ شہیر حضرت مولانا محمد صدیق ہزاروی مُدَّظِلُّهُ الْعَالِي

(جامعہ ہجویریہ دربارِ عالیہ حضرت داتا گنج بخش مرکز الاولیاء لاہور)

آج کے اس پُرفتن اور لادینیت کا پرچار کرنے والے نام نہاد اسکالرز کی یلغار کے دور میں **مَدَنی چینل** (دعوتِ اسلامی) کا وُجُود روشنی کا مینار ہے۔ اِن شاءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ اس چینل کے ذریعے لادینیت کا قلع قمع کرنے اور اُمّتِ مسلمہ کو گمراہی کی دلدل میں پھنسنے سے بچانے میں بہت مدد ملے گی۔علاوہ ازیں یہ چینل (اِن شاءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ) مسلکِ اہلسنّت کی اشاعت وفروغ کا اہم ذریعہ ثابت ہوگا۔

(7) حضرت مولانا مفتی سید محمد عظمت علی شاہ صاحب مُدَّظِلُّہُ الْعَالِی

(ریسرچ ورجسٹریشن آفیسر اوقاف سندھ کراچی، مفتی دارالعلوم احسن البرکات حیدرآباد)

دینِ اسلام کی نشرواشاعت اور اس کی ترویج کے لیے **دعوتِ اسلامی** کا **مَدَنی چینل** ایک اہم کردار ادا کررہا ہے۔ نیز عوامِ اہلسنت کے عقائد اور اعمال کی درستگی کے لیے بھی بہترین ذریعہ قرار دیا جاسکتا ہے۔

مدینہ: علماء وشخصیات کے مزید تأثرات پڑھنے کے لئے مکتبۃ المدینہ کے مطبوعہ رسالے **''مَدَنی چینل کے بارے میں علماء وشخصیات کے تأثرات''** کا مطالعہ کیجئے۔

ہمیں مَدَنی چینل سے پیار ہے

الحمدللہ عَزَّوَجَلَّ عُلَمَا کے ساتھ ساتھ عوام نے بھی **دعوتِ اسلامی** کے **مَدَنی چینل** کی بڑی پذیرائی کی اور بذریعہ مکتوب وایس ایم ایس اپنے جذبات کا اظہار کیا، چند اقتباسات ملاحظہ کیجئے:

(1) مَدَنی چینل دنیا کا واحد خالص اسلامی چینل ہے **اللہ** تعالیٰ اس کو ترقی دے۔ (عدنان، باب المدینہ کراچی) **(2)** آج کل کے نفسا نفسی کے دور میں **مَدَنی چینل** ایک روشن شمع کی طرح ہے، جو ہمیں نیک بنانے کے لئے شروع ہوا ہے۔ (شیراز خان، باب المدینہ کراچی) **(3) مَدَنی چینل** دیکھتے ہی آنکھوں سے خوشی اور

شکر کے آنسو ٹپک پڑے۔(محمد شبیر ساجد، بھلوال)**(4)** دعوت اسلامی نے **مَدَنی چینل** شروع کر کے ہم پر بہت بڑا احسان کیا ہے(محمد اعجاز قادری، سردار آباد(فیصل آباد)) **(5)** **مَدَنی چینل** پر چلنے والے سلسلوں سے بہت اچھی اچھی باتیں بتائی جاتی ہیں۔ (ندیم، فاروق آباد شیخوپورہ)**(6)** **مَدَنی چینل** ایک استاذ کی طرح علم سکھاتا ہے **اللّٰہ** تعالیٰ اس کے چلانے والوں کی خیر فرمائے۔(انجم، والٹن مرکز الاولیاء لاہور) **(7)** جس دن سے **مَدَنی چینل** آیا ہے ہمارے عزیز و اقارب نے بے ہودہ پروگرام دیکھنا چھوڑ دیئے ہیں اب صرف **مَدَنی چینل** ہی دیکھتے ہیں۔(احسان انصاری، لانڈھی باب المدینہ کراچی)**(8)** جب سے **مَدَنی چینل** شروع ہوا ہے اس دن سے میرے سارے گھر والے نمازی بن گئے ہیں۔(حافظ احمد رضا، جھنگ)**(9)** **مَدَنی چینل** دیکھنے کی برکت سے ہمارے گھر میں ناچاکیاں ختم ہو گئیں ہیں **اللّٰہ** تعالیٰ **مَدَنی چینل** کو سلامت رکھے۔(باب المدینہ کراچی)**(10)** ہم انٹرنیٹ پر **مَدَنی چینل** دیکھتے ہیں۔اس کی برکت سے ہمارا ایمان مضبوط ہوتا ہے اور شرعی رہنمائی حاصل ہوتی ہے۔(نصیر، یوگینڈا افریقہ)**(11)** جب سے **مَدَنی چینل** دیکھا ہے سامنے سے ہٹنے کو جی نہیں چاہتا۔(عبدالرحیم، باب المدینہ کراچی)**(12)** ہم نے ڈرامہ دیکھنے کیلئے جب ٹی وی آن کیا تو **مَدَنی چینل** لگا ہوا تھا تو اس کی برکت سے ہم نے ڈرامہ نہیں دیکھا بلکہ **امیرِ اہلسنّت** دامت برکاتہم العالیہ کا بیان سننے کی

سعادت حاصل ہوگئی۔(محبوب الرسول، قصور)(13) مَدَنی چینل کی برکت سے میری کزن نے دعوت اسلامی کے اجتماع میں شرکت کرنا شروع کر دیا ہے۔(بنت الطاف، مدینۃ الاولیاء ملتان)(14) مَدَنی چینل کی برکت سے میں دعوت اسلامی کے مَدَنی ماحول سے وابستہ ہوگیا ہوں۔(محمد زاہد، ضیاء کوٹ (سیالکوٹ))(15) مَدَنی چینل پر امیر اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کا بیان دیکھ کر ہمارے اسلاف کی یاد تازہ ہوجاتی ہے۔(انس، باب المدینہ کراچی)(16) اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ مَدَنی چینل کو نظر بد سے بچائے۔(علی رضا، باب المدینہ کراچی)(17) مَدَنی چینل دیکھنے سے ہمارے گھر میں سنّتوں کی بہار آگئی ہے۔(محمد آصف صدیقی، مرکزالاولیاء لاہور)(18) مَدَنی چینل اپنی مثال آپ ہے دن رات دیکھنے کو جی چاہتا ہے۔(قمر شہزاد، باب المدینہ کراچی)(19) مَدَنی چینل کی برکت سے گھر بیٹھے وہ کچھ سیکھنے کو مل رہا ہے جو ہم اب تک نہیں سیکھ سکے تھے۔(عدیل احمد، میانوالی)(20) جب سے مَدَنی چینل دیکھنا شروع کیا ہے گانا سننا چھوڑ دیا ہے۔(نعمان)(21) دعوت اسلامی نے مَدَنی چینل کے ذریعے علم دین پھیلانے کا بہت بڑا قدم اٹھایا ہے۔(فیضان رضا، کھاریاں)(22) مَدَنی چینل دیکھنے سے ایسے لگتا ہے جیسے نور کی برسات ہورہی ہو۔(سکندر، واہ کینٹ)(23) مَدَنی چینل دیکھ کر مدینہ پاک کی یاد آجاتی ہے۔(قاضی فضل حق اعوان، راولپنڈی)(24) مَدَنی چینل نے

ہمارے دلوں کو مَدَنی بنا دیا ہے اور ہم سب گھر والے دعوت اسلامی والے بن گئے ہیں۔ (محبّ، حیدر آباد) **(25) مَدَنی چینل** ہمارے اندھیرے گھروں میں روشنی کی طرح ہے بیان کرنے والوں کے انداز بہت اصلاحی ہیں۔ (عمران، شیخوپورہ) **(26)** پہلے میں گھر میں اکیلا ہی عمامہ شریف باندھتا تھا لیکن **مَدَنی چینل** کی وجہ سے میرے سارے بچوں نے عمامہ شریف سجا لیا ہے۔ (زوہیب حسین عطاری، ضیاء کوٹ) **(27) مَدَنی چینل** سے دلوں کا زنگ دور ہو رہا ہے واہ کیا بات ہے **مَدَنی چینل** کی۔ (محمد زبیر، حیدر آباد) **(28) اللہ** تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ ہمیں رہنمائی کے لئے **مَدَنی چینل** ملا۔ (عمران ورک، شیخوپورہ) **(29) مَدَنی چینل** اسلامی تشخص کا امین ہے اور امت کیلئے مینارۂ نور ہے۔ (محمد آصف، کامونکی) **(30) مَدَنی چینل** دیکھ کر اتنی خوشی ہوئی کہ بیان نہیں کر سکتا، یہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہ وسلم کی عظمت دلوں میں ڈالنے کا ایک اور ذریعہ ہے۔ (شاہد بشیر، ضیا کوٹ) **(31) مَدَنی چینل** پر وضو کا سلسلہ دیکھ کر درست وضو کرنے کا طریقہ معلوم ہوا۔ (ایوب سلمان، حیدر آباد) **(32) مَدَنی چینل** دیکھنے کی برکت سے گانوں سے نفرت پیدا ہو گئی ہے۔ (محمد فیصل، باب المدینہ کراچی) **(33) مَدَنی چینل** کی جتنی بھی تعریف کی جائے کم ہے۔ (نعیم بٹ، سردار آباد (فیصل آباد)) **(34)** دعوت اسلامی نے **مَدَنی چینل** شروع کرکے امت مسلمہ پر احسان کیا ہے۔ (منور علی، جیکب لائن باب

المدینہ کراچی)(35) **مَدَنی چینل** نے ہماری زندگی تبدیل کردی ہے **اللہ** تعالیٰ اسے مزید ترقی عطا فرمائے آمین۔(خاور محمود، ساہیوال)(36) **مَدَنی چینل** کے ذریعے سے لوگ گناہوں سے بچ رہے ہیں **اللہ** تعالیٰ اسے قیامت تک قائم رکھے۔(اللہ رکھا، مرکز الاولیاء لاہور)(37) پہلے فلمیں ڈرامے دیکھتا تھا اب جب بھی ٹائم ملتا ہے **مَدَنی چینل** ہی دیکھتا ہوں۔(کاشف، صوفی والا)(38) **مَدَنی چینل** نے درست نماز پڑھنے میں ہماری رہنمائی فرمائی ہے۔(آفاق حیدر، شاہ پور مرکز الاولیاء لاہور)(39) ہم پہلے فلم بہت شوق سے دیکھتے تھے لیکن اب صرف **مَدَنی چینل** دیکھتے ہیں اور پانچ وقت کی نماز پڑھتے ہیں **اللہ** تعالیٰ دعوتِ اسلامی کو ترقی عطا فرمائے آمین۔(وقاص، باب المدینہ کراچی)(40) جب سے میں نے **مَدَنی چینل** دیکھا ہے تب سے میں تمام گھر والوں کو اور سارے محلے والوں کو **مَدَنی چینل** دیکھنے کا مشورہ دیتا ہوں۔ ''I love madani channal''۔(احمد، ضیاء کوٹ)(41) **مَدَنی چینل** نے میری زندگی بدل دی اور میں اب اس کے علاوہ کوئی اور چینل نہیں دیکھتا۔(رفیق، بہاول نگر)(42) **مَدَنی چینل** نے دل میں اپنے نام کی طرح مدنی انقلاب برپا کردیا ہے(محمد عمران، چنیوٹ)(43) ہم **مَدَنی چینل** کو بہت شوق سے دیکھتے ہیں اور بہت کچھ سیکھتے ہیں پھر اس پر عمل کرنے کی کوشش بھی کرتے ہیں **اللہ** تعالیٰ **مَدَنی چینل** کو ترقی عطا فرمائے۔

(خالد، مرکز الاولیاء لاہور) **(44) مَدَنی چینل** نے دوریاں مٹا کر امت کو یکجا کر دیا ہے۔(نوید، عرب شریف) **(45) مَدَنی چینل** نے امت مسلمہ میں انقلاب برپا کر دیا ہے **اللّٰہ** تعالیٰ اسے قائم ودائم رکھے۔(زاہد، مدینہ منورہ) **(46) مَدَنی چینل** میری زندگی میں سنتوں کی بہار لے کر آیا ہے۔(ازیر، حیدر آباد) **(47) مَدَنی چینل** روئے زمین کا واحد چینل ہے جسے دیکھنے سے آنکھیں بے حیائی سے محفوظ رہتی ہیں۔(اسماعیل، باب المدینہ کراچی) **(48) مَدَنی چینل** دیکھ کر میں نے سر پر عمامہ شریف سجالیا ہے۔(وقار علی، اوکاڑہ) **(49) مَدَنی چینل** دیکھنے کی برکت سے سے گانے سننا چھوڑ دیئے ہیں۔(انعام عبداللہ، جاتلاں) **(50) مَدَنی چینل** نے مجھے بڑوں کا ادب سکھایا ہے اور اب میں نے بقیہ ٹی وی چینلز دیکھنا چھوڑ دیئے ہیں۔(اعجاز خان، بہاولنگر) **(51) مَدَنی چینل** کے ذریعے ہم گھر بیٹھے سنتیں سیکھ رہے ہیں اور گھر میں اچھا ماحول بن رہا ہے۔(محمد اسماعیل، سبی بلوچستان) **(52)** علم دین کے پیاسوں کے لئے **مَدَنی چینل** ایک سمندر ہے۔(باب المدینہ کراچی)) **(53) مَدَنی چینل** دیکھ کر میں نے تمام گناہوں سے توبہ کر لی ہے۔(ابو بکر شیخ، قصور)

غور سے پڑھ کر یہ فارم پُر کرکے تفصیل لکھ دیجئے

جو اسلامی بھائی **فیضانِ سنّت** یا **امیرِ اَہلسنّت** دامت بَرَکاتُہم العالیہ کے **کُتُب و رسائل** سن یا پڑھ کر، بیان کی **کیسٹ** سن کر یا ہفتہ وار، صوبائی و بَین الاقوامی **اجتماعات** میں شرکت یا **مَدَنی قافِلوں** میں سفر یا **دعوتِ اسلامی** کے کسی بھی مَدَنی کام میں شمولیت کی بَرَکت سے مَدَنی ماحول سے وابستہ ہوئے، زندگی میں **مَدَنی انقلاب** برپا ہوا، نمازی بن گئے، داڑھی، عمامہ وغیرہ سج گیا، آپ کو یا کسی عزیز کو حیرت انگیز طور پر **صحت ملی**، پریشانی دُور ہوئی، یا مرتے وقت **کَلِمَۂ طَیِّبَہ** نصیب ہوا یا اچھی حالت میں **رُوح قبض** ہوئی، مرحوم کو اچھی حالت میں **خواب** میں دیکھا، **بشارت** وغیرہ ہوئی یا **تعویذاتِ عطاریہ** کے ذریعے آفات و بَلیّات سے نَجات ملی ہو تو ہاتھوں ہاتھ اس فارم کو پُر کر دیجئے اور ایک صفحے پَر واقعہ کی تفصیل لکھ کر اس پتے پر بھجوا کر اِحسان فرمائیے ''**مَحلہ سوداگران، پُرانی سبزی منڈی** (بابُ المدینہ) **کراچی عالمی مَدَنی مرکز فیضان مدینہ**، ''**شعبہ امیرِ اَہلسنّت** (دَامَتْ بَرَکَاتُہم العالیہ) **مجلس اَلْمَدِیْنَۃُ الْعِلْمِیَّۃ**''۔

نام مع ولدیت:____________________ **عُمر** ___ **کِن سے مرید یا طالب ہیں**_______ **خط ملنے کا پتا**_________________________________

فون نمبر (بمع کوڈ):________ **ای میل ایڈریس**_______________________

انقلابی کیسٹ یا رسالہ کا نام:____________ **سننے، پڑھنے یا واقعہ رونما ہونے کی تاریخ مہینہ / سال:**_________ **کتنے دن کے مدنی قافلے میں سفر کیا:**____ **موجودہ تنظیمی ذمہ داری**_______ **مُنْدَرِجہ** بالا ذرائع سے جو بَرَکتیں حاصل ہوئیں، فُلاں فُلاں برائی چھوٹی وہ تفصیلاً اور پہلے کے عمل کی کیفیت (اگر عبرت کے لئے لکھنا چاہیں) مثلاً فیشن پرستی، ڈکیتی وغیرہ اور **امیرِ اَہلسنّت** دَامَتْ بَرَکَاتُہم العالیہ کی ذاتِ مبارکہ سے ظاہر ہونے والی **بَرَکات و کرامات** کے ''**ایمان افروز واقعات**'' مقام و تاریخ کے ساتھ ایک صفحے پر **تفصیلاً تحریر فرما دیجئے**۔

مَدَنی مشورہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ شیخِ طریقت امیرِ اہلسنّت حضرت علامہ مولانا ابوبلال **محمد الیاس عطّار قادری** رَضَوی دامت بَرَکاتُہم العالیہ دورِ حاضر کی وہ یگانۂ روزگار ہستی ہیں کہ جن سے شرفِ بیعت کی بَرَکت سے لاکھوں مسلمان گناہوں بھری زندگی سے تائب ہوکر **اللہ** رحمٰن عَزَّوَجَلَّ کے اَحکام اور اُس کے **پیارے حبیبِ لبیب** صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلَّم کی سُنّتوں کے مُطابِق پُرسُکون زندگی بسر کر رہے ہیں۔ خیرخواہیٔ مسلم کے مُقدَّس جذبہ کے تحت ہمارا **مَدَنی مشورہ** ہے کہ اگر آپ ابھی تک کسی جامع شرائط پیر صاحب سے بَیعت نہیں ہوئے تو شیخِ طریقت **امیرِ اہلسنّت** دامت برکاتہم العالیہ کے فُیُوض وبَرَکات سے مُستَفِید ہونے کے لئے ان سے **بَیعت** ہوجایئے۔ **اِن شَاءَ اللہ** عَزَّوَجَلَّ دُنیا وآخرت میں کامیابی وسرخروئی نصیب ہوگی۔

مُرید بننے کا طریقہ

اگر آپ مُرید بننا چاہتے ہیں، تو اپنا اور جن کو **مُرید یا طالب** بنوانا چاہتے ہیں ان کا نام نیچے ترتیب وار مع ولدیت وعمر لکھ کر **عالمی مَدَنی مرکز فیضانِ مدینہ محلّہ سوداگران پرانی سبزی منڈی بابُ المدینہ** (کراچی) **"مکتب مجلس مکتوبات وتعویذاتِ عطّاریہ"** کے پتے پر روانہ فرمادیں، تو اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ انہیں بھی سلسلہ **قادِریہ رَضَویہ عطّاریہ** میں داخل کرلیا جائے گا۔ (پتا انگریزی کے کیپٹل حروف میں لکھیں)

E.Mail : Attar@dawateislami.net

﴿۱﴾ نام وپتا بال پین سے اور بالکل صاف لکھیں، غیر مشہور نام یا الفاظ پر لازماً اِعراب لگائیں۔ اگر تمام ناموں کیلئے ایک ہی پتا کافی ہو تو دوسرا پتا لکھنے کی حاجت نہیں۔ ﴿۲﴾ ایڈریس میں محرم یا سرپرست کا نام ضرور لکھیں ﴿۳﴾ الگ الگ مکتوبات منگوانے کیلئے جوابی لفافے ساتھ ضرور اِرسال فرمائیں۔

نمبر شمار	نام	مرد / عورت	بن / بنت	باپ کا نام	عمر	مکمل ایڈریس

مَدَنی مشورہ: اس فارم کو محفوظ کرلیں اور اس کی مزید کاپیاں کروالیں۔